12/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گل سے خبریں سُنئیے۔

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........ گجرات کے شہر احمد آباد میں ائر انڈیا کا ایک جہاز حادثے کا شکار // ملک کی اعلیٰ قیادت نے کیا افسوس کا اظہار۔

*........ کئی اہم شخصیات راج بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی// عوامی نوعیت کے متعدد امور پر کیا تبادلہ خیال۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال کھٹر نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران مختلف محکموں کے کام کا لیا جائزہ ۔

اور

*........ بچہ مزدوری کے خلاف بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن آج۔

جہاز حادثہ

گجرات کے شہر احمد آباد میں آج دوپہر ائر انڈیا کا ایک جہاز اُڑان بھرنے کے فوراً بعد حادثے کا شکار ہوا۔ یہ جہاز احمد آباد سے لندن جا رہا تھا اور اس میں جہاز کے عملے سمیت242افراد سوار تھے۔ حادثے کے بعد بچاؤ کاروائیاں فوری طور سے شروع کی گئیں اور مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

وزیر اعظم دکھ

وزیر اعظم نریندر مودی نے ائر انڈیا کے جہاز کو حادثہ پیش آنے پر دکھ کا اظہا رکرتے ہوئے کہاکہ اس پر افسوس کرنے کیلئے الفاظ بھی کم پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ وہ متاثرین کو مدد پہنچانے والے وزرا ءاور حکام کے رابطے میں ہیں ۔وزیر اعظم نے متاثرین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے بھی احمد آباد میں پیش آئے حادثے پر دکھ کا اظہا رکیاہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہاکہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری قوم متاثرین کے ساتھ کھڑی ہے ۔

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے بھی اس حادثے پر سخت افسوس کا اظہار کیا ہے۔

ایل جی دکھ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے گجرات میں مسافر بردار جہاز کو حادثہ پیش آنے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ ایک پیغام میں انہوننے متاثرہ مسافروں اور انکے کنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

JDU

جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بھی اس حادثے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین JDU کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

فوج

بھارتی فوج نے گجرات میں جہاز کے حادثے کے پس منظر میں 130اہلکاروں پر مشتمل کئی ٹیموں کو بچاؤ کارروائیوں میں سول انتظامیہ کی مدد کرنے پرمامور کیا ہے۔

ایل جی ملاقات

اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما آج راج بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی ہوئے۔ بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر ست شرما بھی انکے ہمراہ تھے۔ سنیل شرما نے نائب تحصیلدار اسامیوں کےلئے اُردو زبان کی لازمی جانکاری ہونے کا معاملہ ایل جی کی نوٹس میں لایا اور کہا کہ جموںو کشمیر کی 5سرکاری زبانوں میں سے کسی ایک کی بھی جانکاری نائب تحصیلدار اسامیوں کےلئے لازمی ہونا چاہئے۔انہوننے کئی دیگر معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

CMمیٹنگ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں بجلی، مکانات اور شہری ترقی کے مرکزی وزیرمنوہر لال کھٹر کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران متعلقہ محکموں کے کام کاج کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ کے دوران جموںو کشمیر میں عوامی بہبود کے کلیدی پروجیکٹوں کی تیز تر عمل آوری، مختلف شعبوں میں اصلاحات لانے اور خدمات کے شعبے میں بہتری لانے پر زور دیاگیا۔ میٹنگ میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور مختلف محکموں کے کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔ بعد میں مرکزی وزیر منوہر لال کھٹر نے میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

نا صر اسلم

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے کہاہے کہ حکومت وادی میں سیاحتی سرگرمیوں کو دوام بخشنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔ سرینگر میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

شیو راج سنگھ

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان نے زرعی شعبے میں سائنسی تحقیق اور زمینی سطح پر کسانوں کے مابین دوریوں کو کامیابی کے ساتھ نزدیکی میں بدل دیا ہے۔برڈولی گجرات میں آج کسانوں کے ایک کنکلیو سے خطاب کر تے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ اس ابھیان سے ملک کے زرعی سیکٹر کودیر پا اور مزید منافع بخش بنانے میں مدد ملی ہے۔انہوننے کہا۔

سکینہ ایتو

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے نوجوان نسل بالخصوص طلباءکو ماحولیاتی نظام کو تقویت بخشنے کے عمل کے ساتھ جوڑا جا نا چاہئے۔ آج گورنمنٹ گرلز ہائر سکنڈری سکول کوٹھی باغ سرینگر میں ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ سماج کے ہر ایک فرد کو حتیاطی تنوع کو تحفظ دینے میں اپنا اپنا رول ادا کرنا چاہئے۔

کرشی سنکلپ

ادھر جموںو کشمیر میں بھی اس مہم کے تحت کسانوں کو زرعی شعبے کی سکیموں ، کاشتکاری کے سائنسی طور طریقوں اور اعلیٰ معیار کے بیجوں کے بارے میں ضروری جانکاری فراہم کی جارہی ہے۔

مہم کے بارے میں ڈیپارٹمنٹ آف انیمل ہسبنڈری کشمیر کے ٹیکنیکل آفیسر ڈاکٹر عرفان احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

ریحانہ حبیب

دریں اثناءسکاسٹ کشمیر میں ڈائریکٹر ایکسٹنشن ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ اب تک ابھیان کے دوران جموںو کشمیر اور لداخ میں لگ بھگ 3لاکھ کسان مستفید ہوئے اور انہیں زراعت اور اُن سے منسلک شعبوں کی جدید کاری اور فلاحی سکیموں سے روشنا س کرایا گیا۔

عالمی دن

آج بچہ مزدوری کے خلاف بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن ہے۔ بین الاقوامی لیبر تنظیم کے مطابق پوری دنیا میں لاکھوں کی تعداد میں بچوں کو کسی نہ کسی وجہ سے بچپن میں ہی مزدوری کرنا پڑتی ہے۔اور اس طرح وہ تعلیم، طبی نگہداشت کی سہولیات اور دیگر بنیادی حقوق سے محروم ہو کر رہ جا تے ہیں۔ اس دن کی اہمیت کے حوالے سے جموں یونیورسٹی میں سوشالوجی شعبے کی سربراہ پروفیسر Vishav Raksha نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج سرینگر میں لیبر کمشنر دفتر کا اچانک دورہ کیا اور اس کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرنآپ آکاشوانی کی موبائیل ایپلیکشن نیوز آن

یوگا دن

یو گا کے بین الاقوامی دن میں اب9دن باقی رہ گئے ہیں اور اس دن کو بڑے پیمانے پر منانے کےلئے ملک بھر میں تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ واضح رہے کہ اس سال پوری دنیا میں21جون کو یوگا کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے Yoga for one Earth, one Health ۔ یو گا کی اہمیت کے بارے میں ۔

کشمیر میں آرٹ آف لِونگ ادارے کی ریجنل ڈائریکٹر وندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**یو گا تقریب**

اُدھر آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راوٗ جادو نے نئی دلی میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ 21جون کو ملک بھر میں صبح ساڑھے چھ بجے سے سات بجکر40منٹ تک ایک لاکھ سے زائد یوگا تقاریب کا انعقاد ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ سب سے بڑی تقریب وشاکھا پٹنم آندھرا پردیش میں منعقد ہوگی جس میں وزیر اعظم نریندر مو دی شرکت کریں گے۔

**پرکاش پرو**

آج گرو ہر گو بند صاحب جی مہاراج کا پرکاش پَرو پورے مذہبی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہاہے۔ اس سلسلے میں سکھ سنگت نے آج صبح سے ہی وادی کے گردواروں میں حاضری دی اور شبد کیرتن اور گرو گرنتھ صاحب پاٹھ میں شرکت کی۔ سب سے بڑی تقریب گردوارہ چھٹی پادشاہی کاٹھی دروازہ سرینگر میں منعقد ہوئی جس میں کا فی تعداد میں سکھ سنگت نے شرکت کی۔

**ایل جی مبارکباد**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے گرو ہر گوبند صاحب جی کے پرکاش پَر و پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوننے گرو جی کو ہمدردی، ہمت اور بے لوث خدمت کا مجسمہ قرار دیا۔نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بھی پرکاش پرو کے موقعے پر سکھ برادری کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ گرو ہر گوبند جی مہاراج نے اپنی پوری زند گی انسانیت کی بقاءکےلئے صرف کی۔آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے بھی لوگوں کو پرکاش پَر و کے موقعے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ گرو جی کی تعلیمات ہمیں انسانیت کے بنیاد ی اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ترغیب دیتے ہیں۔

**PDP**

پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی کی ایک میٹنگ آج پتنی ٹاپ میں پارٹی صدر محبوبہ مفتی کی قیادت میں منعقد ہوئی۔میٹنگ میں پارٹی کے سینئر لیڈروں نے شرکت کی۔ اس موقعے پر پارٹی کی سیاسی نقشہ راہ نیز تنظیم کو مستحکم کرنے سے جڑے امور پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا ۔

محبوبہ مفتی نے لیڈروں اور کارکنوں پر زور دیا کہ وہ زمینی سطح پر پارٹی کو مضبوط کرنے کیلئے کام کریں ۔

**نشہ مکت بھارت ابھیان**

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک سماجی کارکن بشیر احمد پروانہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا ۔

**میٹنگ**

کمیٹی کی ایک میٹنگ آج سرینگر میں کمیٹی کے چیرمین نظام Privileges جمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی کے الدین بٹ کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ چیر مین موصوف نے اس موقعے پر کمیٹی ارکان کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی۔

NCC

ماؤنٹنرنگ ٹیم کی آج NCC وزیر دفاع راجنا تھ سنگھ نے اس سال18مئی کو ماؤنٹ ایورسٹ سر کرنے والی عزت افزائی کر کے انہیں10لاکھ روپے کا چیک پیش کیا۔ اس سلسلے میں ساوتھ بلاک نئی دلی میں ایک تقریب کے بے مثال رول کو اُجاگر کیا۔NCC منعقد ہوئی جس دوران وزیر موصوف نے

GOC

کے ہمراہ نوشہرہ سیکٹر GOC کے Ace of Spades اور GOC ڈیلٹا کے CIF نے آج GOC فوج کی وائٹ نائٹ کور کے کی اگلی چوکیوں اور بھدرواہ کے کئی فوجی یونٹوں کا دورہ کر کے آپریشن تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوںنے کارپس سکول کا بھی دورہ کیا۔Battle

عرس

جمونو کشمیر جمعیت ہمدانیہ کی طرف سے جا ری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ وادی کے بلند پایہ ولی کامل حضرت خواجہ حبیب اللہ نوشہری کا سالانہ عرس16اور17جون کو انکے آستان عالیہ واقع نو شہرہ میں عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

عرس انتظامات

پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ کے صدر حکیم محمد یا سین نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ حضرت شمس فقیرؒ اور حضرت سید صالحہؒ کے عرس کے سلسلے میں زائرین کےلئے تمام انتظامات مکمل کریں۔ واضح رہے کہ حضرت شمس فقیرؒ کی عرس تقریب17جون کو شروع ہونگی جبکہ حضرت سید صالحہؒ کا عرس مبارک21جون کو منایا جائے گا۔

عرس کپواڑہ

درگمولہ کپواڑہ میں زیتی شاہ ولیؒ کے سالانہ عرس تقریبات جاری ہیں۔ اُ ن کی زیارت گاہ پر تبرکات کی نشاندہی کی جارہی ہے اور دعائیہ مجلس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ کافی تعداد میں زائرین ان کی زیارت گاہ پر حاضری دے رہے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک اور گرم رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 43اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 29اعشاریہ5ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر19 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر43منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ